بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Federal Shariat Court

Islamabad ۲۸ جون، ۲۰۲۱

پریس ریلیز

وفاقی شرعی عدالت کے چیف جسٹس جناب جسٹس محمد نور مسکانزئی اور جج صاحبان نے وفاقی شرعی عدالت کے سابق چیف جسٹس (ریٹائرڈ) میر ہزار خان کھوسو کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے، انھوں نے ایک تعزیتی پیغام میں مرحوم کی روح کو ایصال ثواب و بلندی درجات اور لواحقین کیلیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

مرحوم تقریبا دو سال (۱۷ نومبر ۱۹۹۲ سے ۱۸ جولائی ۱۹۹۴) تک وفاقی شرعی عدالت کے چیف جسٹس رہے ہیں۔اس دوران انھوں نے قابل ذکر فیصلے دیے ہیں جو طویل عرصے تک یاد رکھے جائیں گے۔اللہ پاک ان کی روح کو سکوں، لواحقین کو صبر جمیل اور اس نا قابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائیں۔

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمن

سینئر ریسرچ ایڈوائزر

وفاقی شرعی عدالت، اسلام آباد۔

Scanned with CamScanner